سوال

(222)مذکورہ حدیث کی صحت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

"ماجعل اللہ لمسخ من نسل"اس حدیث کی صحت کیسی ہے؟ اوراس کا معنیٰ کیا ہے؟ (فتاوی الامارات : 5)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث صحیح ہے۔

"مسلم" کی حدیث ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کی شکلیں مسخ کردیں تھیں ان کو خنزیر اور بندر بنا دیا تھا۔ تو اس شکل میں وہ لوگ تین دن تک رہے پھر سب مرگئے ان مسخ شدہ شکلوں کی اللہ تعالیٰ نے آگے نسل نہیں چلائی۔ توجس کسی قوم کو اللہ تعالیٰ حیوانات کی شکل میں مسخ کردیتا ہے تو وہ ان کی آگے نسلیں نہیں چلاتا بلکہ ان کو ختم کردیتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

احادیث کے علل اور روایات پر نقد کا بیان صفحہ: 293

محدث فتویٰ